© rasailojaraid.com



☆ زندگی کے نمونے، ابویحییٰ امام خاں نوشہروی۔ ناشر: علم و عرفان پبلشرز، ۳۴- اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۲۴۔ قیمت: ۷۵ روپے۔ [سرورق: ''رسول کریمؐ کے ۲۳ صحابہ کرامؓ کی زندگی سے چند اسباق''۔ مصنف کا نام معروف ہے مگر کتاب پر دیباچہ، تعارف، مقدمہ کچھ نہیں۔ یہ بڑی کمی ہے۔ یہ تساہل کیوں؟]

☆ حکمتِ سعدی، مترجم: پروفیسر محمد سلیمان دانش۔ ناشر: عظیم اکیڈمی، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۸۷۔ قیمت: ۷۵ روپے۔ [شیخ سعدی کی معروف اخلاقی اور فارسی شاہکار گلستان کا عمدہ اردو ترجمہ۔ مترجم نے ابتدا میں سعدی کی شخصیت، ان کی تعلیمات، اسلوب اور گلستان کی اہمیت پر سیر حاصل روشنی ڈالی ہے۔ اگر فارسی متن بھی ساتھ دیا جاتا تو بہت سے لوگ فارسی سیکھ سکتے تھے۔ تاہم، بلاشبہہ اس کا مطالعہ فائدے سے خالی نہیں۔]

☆ تاریخ میں سفر، عدنان طارق۔ ناشر: الہلال بکس، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۴۷۸۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ [قدیم پتھر کے دور سے تا حال عالمی تاریخ کے واقعات کا زمانی ترتیب سے تذکرہ۔]

☆ دو ماہی تحفہ نسواں نومسلمات نمبر، مدیرہ ام فریحہ، کیمرہ مارکیٹ، ۴۲ چیمبر لین روڈ، لاہور۔ صفحات: ۲۶۴۔ قیمت: ۱۲۰ روپے۔ [ڈائجسٹ سائز کے ایک نئے رسالے کا پہلا شمارہ سلیقے اور محنت سے مرتب کیا گیا ہے۔ ۱۰۰ سے زائد نومسلم خواتین کی قبولِ اسلام کی داستانیں، ۵۰ صفحے کا سیر حاصل ابتدائیہ از مرتبین۔]

---

**تصحیح:** Holy Quran (محمد ایوب خان) کے تعارف میں قیمت غلطی سے ۱۰ روپے چھپ گئی۔ اصل قیمت ۱۰۰ روپے ہے۔ (ادارہ)


تفہیم القرآن پر پاکستان اور بیرون ملک کرم فرما جو کام کر رہے ہیں، مثلاً سی ڈی بنانا یا کوئی تحقیقی مطالعہ، ان سے درخواست ہے کہ مجھے اپنے کام سے مطلع رکھیں۔

خالد فاروق مودودی

۵-اے، ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور

khalidmaudoodi@hotmail.com


© rasailojaraid.com